© rasailojaraid.com

# تقویم تاریخی

(قاموس تاریخی)

مرتبہ : عبدالقدوس ہاشمی

یہ کتاب ھجری اور عیسوی سنین کے مابین ایک تقابلی تقویم (جنتری) ھے۔ جس کی افادیت میں اضافہ کے لئے بعض مشاھیر اسلام کی وفیات اور تاریخ اسلامی کے مشہور واقعات کی توقیت بھی کر دی گئی ھے۔ تاریخ اسلام کی قدیم اور مستند کتابیں اکثر ھجری سنین پر مرتب کی گئی ھیں۔ اس لئے ان کتابوں میں کسی خاص واقعے کا سال نکالنا بہت مشکل ھوتا ھے۔ یہ تقویم آپ کو اس واقعہ کا سال اور مہینہ بتادے گی۔

اس تقابلی جنتری کا طریقہ اور حساب وھی ھے جو مشہور جنتری وسٹنفلڈ کا ھے۔ ھر ھجری مہینہ کی پہلی تاریخ کو کس عیسوی سنہ کی کیا تاریخ اور ھفتہ کا کون سا دن تھا، بتا دیا گیا ھے۔ نیز اگر عیسوی تاریخ معلوم ھو تو ھجری تاریخ اور دن بھی معلوم کیا جا سکتا ھے۔

صفحات : ۳۶۸ قیمت : مجلد ۸ روپیہ

# الرسائل القشیریۃ

سرخیل صوفیاء امام القشیری تسنن اور تصوف میں ھم آھنگی پیدا کرنے میں حجۃ الاسلام امام غزالی رح کے پیشرو ھیں۔ آپ کے تین نایاب عربی رسالے آپ کی وفات کے تقریباً ایک ھزار سال بعد استنبول کے کتب خانوں سے دستیاب ھوئے ھیں۔

ادارہ تحقیقات اسلامی نے ان تینوں رسالوں یعنی :

(۱) شکایۃ اھل السنۃ

(۲) کتاب السماع

(۳) ترتیب السلوک فی طریق اللہ' کو تحقیق و تہذیب اور سلیس اردو ترجمہ کے ساتھ شائع کیا ھے۔ علمی دنیا میں یہ کتاب یقیناً ایک قابل قدر اضافہ شمار ھوگی۔

صفحات : ۲۰۳ + ۸ = ۲۱۱ قیمت : مجلد ۱۰ روپے

## ادارۂ تحقیقات اسلامی

پوسٹ بکس نمبر ۱۰۳۵ - اسلام آباد

© rasailojaraid.com